## حکومت سے علیحدگی کے ہمارے تینوں آپشنز پر کارکنان سے ایک ہفتے میں رائے طلب کر کے حتمی فیصلہ کیا جائے گا
## ایم کیو ایم صدر مشرف کے خلاف نہیں ہے بلکہ اپوزیشن میں بیٹھ کر بھی صدر کی پالیسیوں، روشن خیالی،
## اعتدال پسندی اور انتہاء پسندی کے خلاف ان کے اقدامات کی حمایت جاری رکھے گی
## نائن زیرو پر گورنر سندھ کی آمد کے موقع پر ڈاکٹر فاروق ستار کی اخبار نویسوں سے گفتگو

کراچی۔۔۔23 مئی 2007ء (اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینز ڈاکٹر محمد فاروق ستار نے کہا ہے کہ حکومت سے علیحدگی کے ہمارے تینوں آپشنز پر کارکنان سے ایک ہفتے میں رائے طلب کر کے حتمی فیصلہ کیا جائے گا۔ بدھ کو نائن زیرو پر گورنر سندھ کی آمد کے موقع پر اخبار نویسوں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے مجلس عمل کے الزامات کے جواب میں کہا کہ ہمارے آپشنز احتجاج کی بنیاد پر دیئے گئے ہیں کسی معذرت کی بناء پر نہیں ہیں۔ انہوں نے کہا کہ مجلس عمل والے اپنی دانست میں ایم کیو ایم کی پالیسی خود بنا کر آپس ہی میں سوال و جواب کرتے رہتے ہیں ان کے تبصروں اور الزامات کی کوئی حقیقت نہیں ہے۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے کہا کہ ہم 12 مئی کے واقعات کے پس پشت حقائق عوام کے سامنے لانا چاہتے ہیں کہ وہ واقعات دراصل سیاسی جماعتوں کے درمیان تصادم نہیں بلکہ ایم کیو ایم کی اڑان کو روکنے کی مذموم سازش تھی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کے تینوں آپشنز کے بعد کارکنان کی رائے چوتھا آپشن ہوگی۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم صدر مشرف کے خلاف نہیں ہے بلکہ اپوزیشن میں بیٹھ کر بھی صدر کی پالیسیوں، روشن خیالی، اعتدال پسندی اور انتہاء پسندی کے خلاف ان کے اقدامات کی حمایت جاری رکھے گی۔ ڈاکٹر فاروق ستار نے مزید کہا کہ 12 مئی کے واقعات پر سب کی آنکھیں اشکبار ہیں اور دکھ کا اظہار الفاظ میں ممکن نہیں ہے اس وقت بہادری دلوں کو آپس میں جوڑنے میں ہے، جذبات بھڑکا کر اہلیان کراچی میں دوریاں پیدا کرنے میں نہیں ہے ہم سب مل کر عدم تشدد کی پالیسی پر کاربند رہتے ہوئے سازش کرنے والے عناصر کے عزائم خاک میں ملائیں گے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے تمام عوامی نمائندے، ٹاؤن ناظمین اور ناظم کراچی پہلے کی طرح شہر اور اس کے عوام کیلئے خدمات سرانجام دیتے رہیں گے اور عوامی رابطہ مہم کے ذریعے بھائی چارے کے فروغ اور امن کا پرچار کیا جائے گا۔ اس اہم عمل میں متحدہ قومی موومنٹ کا کردار سب سے نمایاں ہوگا۔ انہوں نے کہا کہ اگرچہ مخالفین کی جانب سے اشتعال انگیزی کا سلسلہ جاری ہے لیکن ہماری کوشش یہی ہوگی کہ جوابی کارروائی نہ کی جائے اور کسی حال میں مشتعل نہ ہوں کیونکہ اس سے نہ صرف کراچی بلکہ پورے ملک کا نقصان ہے اور معاشی و اقتصادی ترقی میں رکاوٹ بننے والے ہر عمل کے سامنے ہم رکاوٹ بنیں گے۔

## الطاف حسین اور پختون رہنما باچا خان کی پالیسی عدم تشدد کی ہے، ڈاکٹر عشرت العباد
## ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو کے دورے کے موقع پر صحافیوں سے گفتگو

کراچی۔۔۔23 مئی 2007ء (اسٹاف رپورٹر)

گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد خان بدھ کی دوپہر متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو پہنچ گئے جہاں ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینرز ڈاکٹر فاروق ستار، شیخ لیاقت حسین، انچارج رابطہ کمیٹی انور عالم، جوائنٹ انچارج عبدالحسیب اور دیگر نے ان کا استقبال کیا۔ بعدازاں گورنر سندھ نے رابطہ کمیٹی سے 12 مئی کو کراچی کے واقعات کے دوران جاں بحق ہونے والے ایم کیو ایم کے کارکنان کیلئے تعزیت کی اور مرحومین کیلئے فاتحہ خوانی و دعائے مغفرت کی گئی۔ اس موقع پر گورنر سندھ نے کہا کہ 12 مئی کے واقعات نہایت افسوسناک اور ہر پرامن شہری کیلئے تشویش کا باعث ہیں، شہر کے پرامن ماحول کو مزید متاثر ہونے سے بچانے اور ترقی کا عمل جاری رکھنے کیلئے نہایت ضروری ہے کہ شہر میں رہنے والا ہر فرد چاہے وہ کسی بھی قومیت سے تعلق رکھتا ہو اتحاد و یگانگت کا مظاہرہ کرتے ہوئے سازشی عناصر کے مذموم مقاصد کو ناکام بنانے کیلئے اپنا کردار ادا کرے۔ انہوں نے بتایا کہ میرے دورے کا مقصد 12 مئی کے واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے لواحقین سے تعزیت کرنا ہے اسے سیاسی رنگ نہ دیا جائے کیونکہ بحیثیت گورنر سندھ میرا یہ فرض ہے۔ انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد الطاف حسین اور پختون رہنما باچا خان کی پالیسی عدم تشدد کی ہے لہٰذا جہاں بھی تشدد ہوگا یہ بات یقینی ہے کہ اس سے ان دونوں رہنماؤں اور ان کے کارکنان اور عوام کا قطعی تعلق نہیں ہوگا، عوام بخوبی جانتے ہیں کہ تشدد پسند کون ہے اور شہر کی تعمیر و ترقی، خوشحالی اور یہاں آباد تمام قومیتوں کے باہمی اتفاق کے خلاف کونسے عناصر ہیں۔ انہوں نے کہا کہ کراچی میں مختلف قومیتوں کے افراد کی بے شمار آبادیاں قائم ہیں لہٰذا یہ ضروری ہے کہ ان رہنے والوں کے درمیان باہمی تصادم کسی صورت میں نہ ہوسکے۔ اس موقع پر گورنر سندھ کے ہمراہ چیف سیکریٹری سندھ شکیل درانی، سیکریٹری بلدیات فضل الرحمٰن، ڈی سی او کراچی جاوید حنیف، سی سی پی او کراچی اظہر فاروقی اور دیگر حکام بھی موجود تھے۔ بعدازاں چیف سیکریٹری سندھ شکیل درانی اور متحدہ قومی موومنٹ کی پنجابی پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج سردار احمد خان نے پشتو زبان میں کراچی کے

تمام پختون لوگوں کے نام ایک پیغام میں کہا کہ اس شہر میں رہنے والے ہر فرد کی ایک ہی سوچ ہے کہ یہاں ترقی کا عمل جاری اور امن کا ماحول برقرار رہنا چاہیئے کیونکہ اگر شہر کے حالات خراب ہونگے تو دیگر شہریوں کے ساتھ سب سے زیادہ نقصان یہاں آباد پختون برادری کا ہوگا جن کے روزگار مختلف اہم شعبوں سے وابستہ ہیں لہٰذا پختون برادری نہ صرف اپنے بلکہ سب کے مشترکہ نقصان سے بچنے کیلئے امن و بھائی چارے کو فروغ دیتے ہوئے شہر کا امن تباہ کرنے ،لسانی فسادات کرانے اور عام آدمی کو متاثر کرنے کی ہر سازش کو ناکام بنانے کیلئے باہم مل کر اپنا کردار ادا کریں۔

## سینئر صحافی خالد رشید کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔23 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے نوائے وقت کے سینئر سب ایڈیٹر خالد رشید کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا کرے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(امین)

## کراچی میں بے گناہ شہریوں کے قتل عام میں اپوزیشن جماعتیں براہ راست ملوث ہیں،ایم کیوایم آزاد کشمیر

کراچی۔۔۔23 مئی 2007ء

متحدہ قومی موومنٹ آزاد کشمیر کے آرگنائزر طاہر کھوکھر اور آرگنائزنگ کمیٹی کے اراکین نے کہا کہ 12 مئی کو کراچی میں بے گناہ شہریوں کے قتل عام میں اپوزیشن جماعتیں براہ راست ملوث ہیں جس کا مقصد ملک بھر کے عوام کو متحدہ قومی موومنٹ سے بدظن کرنا اور ایم کیوایم کی عوامی مقبولیت کا راستہ روکنا ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ 12، مئی کو کراچی میں ایک منظم سازشی منصوبہ بندی کے تحت اپوزیشن جماعتوں کے مسلح دہشت گردوں نے ایم کیوایم کی پرامن ریلیوں پر فائرنگ کرکے ایم کیوایم کے 14 کارکنان اور دیگر شہریوں کو قتل کردیا اور ایم کیوایم کے خلاف گھناؤنی منفی پروپیگنڈہ مہم شروع کردی۔انہوں نے کہا کہ کراچی میں قتل وغارتگری اور ایم کیوایم کے خلاف میڈیا وار کا مقصد ملک بھر میں ایم کیوایم عوامی مقبولیت کا راستہ روکنا تھا لیکن ایم کیوایم کے میڈیا سیل نے کڑ واسچ کے عنوان سے ویڈیو کیسٹ کا اجراء کرکے اپوزیشن جماعتوں کی تمام سازشوں کا بے نقاب کردیا ہے اور آزاد کشمیر سمیت ملک بھر کے عوام جان چکے ہیں کہ کراچی میں بے گناہ شہریوں کے قتل عام میں اپوزیشن جماعتیں براہ راست ملوث ہیں ۔انہوں نے کہا کہ اگر اپوزیشن جماعتوں میں ذرا برابر بھی شرم باقی ہے تو انہیں ایم کیوایم جیسی عوامی جماعت کے خلاف گھناؤنی سازش اور بے گناہ شہریوں کے قتل عام پر قوم سے معافی مانگنا چاہیئے۔

☆☆☆☆☆